دہلی کے
اردو مخطوطات

مرتبہ

ڈاکٹر صلاح الدین

انجمن ترقی اردو ہند

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ



Marfat.com

Marfat.com

دہلی کے

اُردو مخطوطات

کی

وضاحتی فہرست



پروجیکٹ ڈائرکٹر

ایچ۔ کے۔ کول

مرتبہ

ڈاکٹر صلاح الدّین

انجمن ترقّی اُردو (ہند) — دلّی

Marfat.com

137474

سلسلۂ مطبوعاتِ انجمن ترقّی اردو ہند ـــــ ۴۶۶

© انڈیا انٹرنیشنل سینٹر۔ نئی دہلی۔

اشاعت : ستمبر ۱۹۷۵ء

طباعت : کوہِ نور پرنٹنگ پریس۔ دلّی

قیمت :

عام ایڈیشن بارہ روپے

ڈی لکس ایڈیشن پچیس روپے

سرورق : انوار انجم

Marfat.com

فہرست موضوعات

ابتدائیہ	خلیق انجم	۹
دیباچہ	ایچ۔ کے۔ کول	۱۱
حرف آغاز	صلاح الدین	۱۳
۱ : مویشی پالن		۲۱
۲ : علمِ ہیئت		۲۳
۳ : سوانح		۲۵
۴ : طرزِ تعلیم		۳۵
۵ : اخلاقیات		۳۷
۶ : اخبارات ورسائل		۳۸
۷ : جغرافیہ		۴۱
۸ : ہندوستان گائڈ بک		۴۲
۸ ؍ ۱ : کشمیر		۴۲
۸ ؍ ۲ : ٹونک		۴۳
۹ : تاریخ		۴۴
۹ ؍ ۱ : افغانستان		۴۴
۹ ؍ ۲ : عرب		۴۵
۹ ؍ ۳ : ہندوستان		۴۸
(ا) فرخ آباد		۴۸
(ب) جنرل		۵۰
۹ ؍ ۴ : ٹرکی		۵۴
۱۰ : زبانیں		۵۵
۱۰ ؍ ۱ : اُردو		۵۵

Marfat.com

(ا) لغت ۵۵

(ب) فنِ خطوط نویسی ۵۸

۱۱: قانونی دستاویزات ۵۹

۱۲: کتب خانے ۶۲

۱۳: ادبیات ۶۳

۱؍۱۳: جدید ہندوستانی زبانیں ۶۳

(ا) اُردو ۶۴

۱- ناول- افسانے اور داستانیں ۶۴

۲- شاعری ۷۸

۳- تنقید ۱۳۴

(ب) سنسکرت ادب ۱۳۵

۱۴: مذاہب

۱؍۱۴: ہندو مذہب ۱۳۶

(ا) لارڈ کرشنا ۱۳۶

(ب) تیرتھ استھان ۱۳۷

(ج) رامائن، گیتا ۱۳۸

۲؍۱۴: اسلام ۱۴۰

(ا) جنرل (مناظرے) ۱۴۰

(ب) اسلامی قوانین (فقہ) ۱۴۴

۱- جنرل ۱۴۴

۲- بیاہ شادی ۱۴۸

۳- طریقۂ کفن ۱۴۹

(ج) اسلامی فرقے ۱۵۰

Marfat.com

۱۔ نقشبندیہ ۱۵۰

۲۔ اہلِ تشیع ۱۵۱

۳۔ تصوّف ۱۵۳

(د) جہاد ۱۵۵

(ل) پیغمبر اسلام ۱۶۲

۱۔ سیرت ۱۶۲

۲۔ عزیز و اقارب ۱۶۹

(م) اسلامی کتب و زیارت گاہیں ۱۷۲

۱۔ حدیثیں ۱۷۲

۲۔ قرآنِ حکیم (تفسیرات و قصص) ۱۷۵

۳۔ زیارت گاہیں (خانۂ کعبہ) ۱۸۰

(ن) دینیات ۱۸۱

۱۔ نظریاتی ۱۸۱

۲۔ اخلاقی ۱۸۲

۳۔ معاشرتی ۱۹۲

۱۵: سماجیات ۲۰۰

۱؍۱۵: ازدواجی جنسی تعلقات ۲۰۰

۲؍۱۵: معاشرتی رسومات ۲۰۲

۱۶: کھیل کود ۲۰۳

اشاریہ ۲۰۵

Marfat.com

Marfat.com

ابتدائیہ

اُردو میں حوالے کی کتابوں کی شدید کمی ہے۔ اس سے زیادہ کمی مطبوعہ کتابوں اور مخطوطات کی فہرستوں کی ہے جس کی وجہ سے اُردو اسکالروں کو اپنے موضوع پر کام کرتے ہوئے بے شمار پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اُردو میں ابھی کوئی ایسا ذریعہ نہیں ہے جس کی مدد سے اپنے موضوع سے متعلق تمام مطبوعہ کتابوں، مخطوطوں اور رسالوں میں شائع شدہ مقالوں وغیرہ کا علم ہو سکے۔ نتیجہ یہ ہے کہ بیشتر تحقیقی اور تنقیدی مقالوں میں موضوع سے متعلق دستیاب مآخذ سے استفادہ نہیں کیا جا سکا۔

انیسویں صدی میں سیرنگر نے اودھ اور ٹیپو سلطان کے کتب خانوں کی فہرست مرتب کی تھی۔ یہ کتب خانے تو دست بردِ زمانہ کی نذر ہو گئے لیکن فہرستیں محفوظ ہیں۔

بیسویں صدی میں ڈاکٹر قادری محی الدین زورؔ، نصیر الدین ہاشمی صاحب مرحوم، پروفیسر نجیب اشرف وغیرہ نے فہرستیں مرتب کیں جن کا تفصیلی ذکر ڈاکٹر صلاح الدین نے "حرفِ آغاز" میں کیا ہے۔

انڈیا انٹرنیشنل سینٹر نے وزارتِ تعلیم و سماجی بہبود حکومتِ ہند کے تعاون سے دہلی کی لائبریریوں میں محفوظ مخطوطوں کی فہرست ڈاکٹر صلاح الدین سے مرتب کرائی تھی۔ ڈاکٹر صلاح الدین نے بڑی محنت اور دیدہ ریزی سے اور بہت سائنٹفک انداز پر انگریزی میں یہ فہرست مرتب کی۔ چونکہ یہ اُردو اسکالروں کی دلچسپی کی چیز تھی اس لیے میں نے ڈاکٹر صلاح الدین سے درخواست کی کہ وہ اُردو میں بھی اس کا

Marfat.com

ترجمہ کر دیں۔ مجھے خوشی ہے کہ جس محنت سے انھوں نے فہرست مرتب کی تھی اسی محنت سے یہ ترجمہ بھی کیا ہے۔

مجھے یقین ہے کہ ڈاکٹر صلاح الدین کی مرتب کردہ یہ فہرست دوسرے فہرست سازوں کے لیے مشعل راہ بنے گی۔

خلیق انجم

Marfat.com

دیباچہ

انیسویں صدی کو اُردو ادب کی ترقی و ترویج میں بہت اہم مقام حاصل رہا ہے۔ اس صدی کے آغاز میں فورٹ ولیم کالج کی بنیاد رکھی گئی جہاں اُردو ذریعہ تعلیم قرار دی گئی اور اس کے بعد یہ سلسلہ تیز رفتاری سے آگے بڑھتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ ایک صدی کے اندر ہی اُردو کا سرمایہ خاصا وسیع ہو گیا۔

اسی صدی میں اُردو کتب کی اشاعت کا باقاعدہ سلسلہ شروع ہوا۔ اردو پریس بھی قائم ہوئے لیکن اسی کے ساتھ ساتھ مخطوطہ نویسی کی روایت بھی جاری رہی۔ یہی وجہ ہے کہ آج قدیم اُردو ادب اور عہدِ وسطیٰ کے اُردو ادب کا بہت بڑا ذخیرہ ہم تک اِن ہی مخطوطات کی وساطت سے پہنچا ہے۔

اس بات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے کہ ہندوستان میں اُردو مخطوطات کا کس قدر وسیع ذخیرہ موجود ہے۔ اس ضرورت کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے کہ ان مخطوطات کی وضاحتی فہرستیں تیار کی جائیں تاکہ ان کی مدد سے اُردو اسکالر اور محققین پورا پورا فائدہ حاصل کر سکیں۔

اسی مقصد کے تحت انڈیا انٹرنیشنل سینٹر نے دہلی کے اُردو مخطوطات کی فہرست تیار کرنے کا ایک جامع منصوبہ تیار کر کے فروری ۱۹۷۲ء میں مرکزی وزارتِ تعلیم کی منظوری کے لیے بھیجا۔ وزارتِ تعلیم نے اس منصوبہ کی اہمیت کے پیشِ نظر اس کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے فروری ۱۹۷۳ء میں دس ہزار روپے کی رقم منظور کر دی۔

اس کے بعد ایک مشاورتی کمیٹی تشکیل دی گئی جس نے اس منصوبے کو پورا کرنے کے لیے بہت سے اہم مشورے دیئے۔ جن کی بنیاد پر ایک سوال نامہ ترتیب دیا گیا جو حسبِ ذیل ہے۔

کتب خانے کا نام۔ وہاں موجود مخطوطے کا نمبر۔ مخطوطے کا نام (بمع ذیلی اور ضمنی

Marfat.com

عنوانات کے)۔ مصنف/مؤلف۔ شارح/مترجم۔ کاتم۔ سائز۔ضخامت (اوراق/ صفحات) تقطیع۔سطریں۔حواشی (مع کیفیت)۔نفس موضوع۔ ابواب۔ آغاز (شروع کی چند سطریں)۔ اختتام (آخر کی چند سطریں)۔ سیاہی۔نشان ہائے ملکیت (مہر اور دستخط وغیرہ)۔ زبانیں (اُردو کے علاوہ) کیفیت مخطوطہ (خوبیاں اور خامیاں) ترقیمہ/ترقیمے۔

اس فہرست میں مختلف موضوعات سے متعلق مخطوطے شامل ہیں جیسے مویشی پالن۔علمِ ہیئت۔طریقہ تعلیم۔ اخلاقیات۔تاریخ۔جعرافیہ۔ خطوط نویسی۔ ادبی تنقید۔اسلامی فرقے۔ سوانح۔سماجیات۔ مذہبیات اور کھیل کود وغیرہ۔

فہرست میں شامل چند اہم مخطوطات یہ ہیں:

شورشِ عشق (اصغر علی اکبر آبادی) خندۂ غدر (واحد علی خاں) آرایشِ محفل (افسوس) فرہنگِ غالب (امتیاز علی خاں عرشی) نوطرزِ مرصع (تحسین) قصہ چہار درویش (میر امن)۔ دیوانِ الم۔ دیوانِ آتش۔ دیوان سودا۔ دیوان خواجہ میر درد۔ دیوان میر حیدر ٹلی مثنوی لعل و گوہر (اعجاز) مثنوی سحر البیان (میر حسن) مثنوی دریائے عشق (میر تقی میر) پدماوت (جائسی) فیض نقشبندیہ (صورتی) لایتہٗ (حضرت نظام الدین اولیا) رسالہ ترغیب الجہاد۔ وردنامہ (محبوب عالم) مثنوی جلوۂ طور (عبد اللطیف خاں) فرس نامہ (سعادت یار خاں رنگین) موازنۂ انیس و دبیر (شبلی) تحریر الشہادتین (شاہ اسمٰعیل شہید) رامائن۔ گیتا وغیرہ۔

اس کیٹلاگ کی تیاری کے دوران عربی۔ فارسی اور ہندوستانی مخطوطات کے دوسرے شائع شدہ کیٹلاگوں سے بھی مدد لی گئی ہے۔

ہم اُن تمام لائبریرین حضرات کے شکر گذار ہیں جنھوں نے اس فہرست کی تیاری کے لیے متعلقہ مواد کی فراہمی میں ہمارے ساتھ پُورا تعاون کیا۔ ان حضرات کے تعاون کے بغیر یہ کام ناممکن نہیں تو دشوار ضرور ہو جاتا۔

ہر مخطوطے کی علاحدہ علاحدہ تشریح کی گئی ہے۔ نیز کیٹلاگ کے آخر میں اشاریہ بھی دیا گیا ہے۔

کشمیر یونیورسٹی کے لائبریرین جے۔ اے۔ واجد صاحب نے اس منصوبے کا

Marfat.com

خاکہ تیار کرنے اور اس کو عملی جامہ پہنانے میں ہمیں اپنا بھرپور تعاون دیا۔ اس کیٹیلاگ کو مرتب کرنے کی ذمے داری ڈاکٹر صلاح الدین کو سونپی گئی جنھوں نے دہلی کے کتب خانوں میں جاکر بڑی محنت اور جاں فشانی سے متعلقہ مواد حاصل کیا اور اس کی بنیاد پر اس فہرست کو مرتب کیا۔

مجھے اُمید ہے کہ یہ کیٹیلاگ اُردو ادب کا ذوق وشوق رکھنے والوں کے لیے دلچسپی کا باعث ہوگا اور تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے مددگار ثابت ہوسکے گا۔

ایچ۔ کے۔ کول
پروجیکٹ ڈائرکٹر

Marfat.com

حرفِ آغاز

اُردو کے تحقیقاتی کام کے ضمن میں ان قلمی کتب کی وضاحتی فہرستوں کی جس قدر ضرورت ہوتی ہے وہ ایک ایسی مُسلّم حقیقت ہے جس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔ بقول سیّد نجیب اشرف ندوی "کسی زبان کی تاریخ کا اصولی حیثیت سے مطالعہ کرنے کے لیے ضرورت ہے کہ سارا ادب پیشِ نظر رہے لیکن اُردو ادب سارے ملک میں پھیلا ہوا ہے اور اس پر دسترس مشکل ہے اس لیے زبان اور ادب کی خدمت کے لیے یہ ضروری ہے کہ مفصّل اور مکمّل وضاحتی فہرستیں مرتب کر کے شائع کی جائیں۔ یہ چیزیں یورپ میں ایک سائنس کی صورت اختیار کر چکی ہیں۔"

انیسویں صدی عیسوی میں ہی فارسی اور عربی کے ساتھ اُردو قلمی کتابوں کی فہرستیں مرتب کرنے کا بھی آغاز ہوا اور اس کام کا سہرا انگریزوں کے سر ہے۔ میجر اسٹوارٹ اور ڈاکٹر اسپرنگر نے ٹیپو سلطان اور شاہانِ اودھ کے ذخیرۂ کتب کی فہرستیں مرتب کیں۔ اس کے بعد بیسویں صدی عیسوی میں ڈاکٹر بلوم ہارٹ نے انڈیا آفس کے مخطوطات کی فہرست مرتب کی۔ ۱۹۲۹ء میں پروفیسر عبدالقادر سروری نے جامعہ عثمانیہ کے (۶۷) اُردو مخطوطات کی فہرست شائع کی۔ اس کے بعد نصیر الدین ہاشمی کی کتاب "یورپ میں دکنی مخطوطات" شائع ہوئی جس میں (۱۵۹) مخطوطات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ پھر ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ نے اُردو مخطوطات کی فہرستیں شائع کیں جو پانچ جلدوں پر مشتمل ہیں۔ پروفیسر سیّد نجیب اشرف صاحب ندوی نے بھی کتب خانہ جامع مسجد بمبئی کے اُردو مخطوطات کی فہرست شائع کی ہے۔ ان فہرستوں کے علاوہ نصیر الدین صاحب ہاشمی نے حیدر آباد کے مشہور کتب خانوں کے اُردو مخطوطات کی فہرستیں بھی تیار کیں۔ لیکن دہلی کے کتب خانوں میں موجودہ اُردو مخطوطات کی فہرست تیار کرنے کا خیال سب سے پہلے انڈیا انٹرنیشنل سینٹر نئی دہلی کو آیا۔

Marfat.com

لیکن اس فہرست کو صرف انگریزی ہی میں مرتب کیا ہے جس میں مخطوطے کا نام۔ مصنف یا مترجم کا نام اور کاتب کا نام۔ اُردو اور انگریزی دونوں میں تحریر کیا گیا ہے لیکن آغاز اور اختتام کی عبارت اور ترقیمہ بجنسہ اُردو ہی میں تحریر کیا گیا ہے۔ بقیہ ساری معلومات انگریزی ہی میں لکھی گئی ہیں۔ اس کام کو پورا کرنے کی ذمہ داری خاکسار کو سونپی گئی اور اس طرح اس کا باقاعدہ آغاز یکم دسمبر ۷۳ء سے ہوا جو کہ جولائی ۱۹۷۴ء میں اختتام پذیر ہو گیا۔ مگر ابھی اس انگریزی فہرست کی اشاعت کا کام گذشتہ ایک سال سے طوالت میں پڑا ہوا ہے۔ اس لیے اس امر کی شدید ضرورت تھی کہ اس کو اُردو میں منتقل کر کے فوراً شائع کرایا جائے تاکہ اس کا حقیقی مقصد پورا ہو سکے اور اُردو اسکالر اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اِسی ضرورت کے پیشِ نظر اس فہرست کو انگریزی سے اُردو میں منتقل کیا گیا اور اس کام کو انجام دینے کی ذمے داری بھی انجمن ترقی اُردو ہند نے مجھے سونپی۔

کچھ اپنے اور فہرست سے متعلق

اس فہرست میں ہر کتب خانے کی الگ الگ فہرست تیار کرنے کے بجائے اس کو مختلف موضوعات میں تقسیم کر کے مرتب کیا گیا ہے۔ فہرست ہذا میں دو سو دس (۲۱۰) مخطوطے شامل ہیں جو سولہ (۱۶) موضوعات میں منقسم ہیں ان میں کچھ موضوعات کے ذیلی عنوانات بھی قائم کیے گئے ہیں۔ نیز اس فہرست میں صرف وہی مخطوطے شامل ہیں جو ۳۱ مئی ۷۴ء تک ان کتب خانوں میں مہیا ہوئے جن کی فہرست شروع ہی میں دی جا چکی ہے۔ اس کام کے سلسلے میں تقریباً دو سو سرکاری اور نیم سرکاری کتب خانوں کا سروے کیا گیا جن میں سے صرف گیارہ (۱۱) کتب خانے ایسے تھے جہاں اُردو مخطوطات مل سکے۔ نجی یا ذاتی کتب خانوں کو اس فہرست میں اس اندیشے کی وجہ سے شامل نہیں کیا گیا کہ ایسے کتب خانے ایک مقام سے دوسرے مقام یا ایک فرد سے دوسرے فرد کے پاس منتقل ہوتے رہتے ہیں نیز ان مخطوطات کو فروخت بھی کیا جا سکتا ہے یا وہ ضائع بھی ہو سکتے ہیں۔

"انجمن ترقی اُردو ہند" کا ذخیرۂ مخطوطات چونکہ بعد میں علی گڑھ سے دہلی میں منتقل

Marfat.com

ہوا تھا۔ اس لیے ان کو اس فہرست میں شامل نہیں کیا جا سکا۔

اس فہرست کو مرتب کرتے وقت زیادہ توجہ مخطوطوں کی صراحت ہی کی طرف دی گئی ہے۔ موضوع یا نفسِ متن پر تحقیقی یا تنقیدی نقطۂ نظر سے روشنی ڈالنے کے بجائے محض بنیادی معلومات کی حد تک اختصار سے لکھ دیا گیا ہے۔ کہیں کہیں مصنف یا شاعر کے حالات کو بھی اشارتاً قلمبند کر دیا گیا ہے۔

آغاز و اختتام کی نمونۂ عبارت اور ترقیمہ کو رقم کرتے وقت اس بات کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے کہ جس املا میں وہ عبارت۔ مخطوطے میں درج ہے بجنسہ اس کو اس فہرست میں بھی درج کر دیا جائے۔ اگر کہیں عبارت غلط ہے تو اس کی تصحیح نہیں کی گئی ہے۔ اکثر مصرعوں اور شعروں میں بھی غلطیاں ملیں گی۔ ان کو قصداً رکھا گیا ہے تاکہ اصل مخطوطے میں وہ جس طرح لکھا ہے کلیتہً ویسا ہی پیشِ نظر ہو جائے۔

اس فہرست میں جن معلومات کو قوسین یا بریکٹ میں تحریر کیا گیا ہے اس سے یہ مراد لی گئی ہے کہ وہ بات مذکورہ مخطوطے میں تحریر نہیں ہے بلکہ اُس کا اضافہ اپنی طرف سے کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر کسی مخطوطے میں اگر اوراق یا صفحات تحریر نہیں تھے تو اُن کو خود شمار کر کے بریکٹ میں رقم کر دیا گیا ہے۔

اس فہرست کی ترتیب کے دوران اس حقیقت کا انکشاف بھی ہوا کہ دہلی یونیورسٹی لائبریری اور نیشنل آرکائیز کو چھوڑ کر باقی ساری لائبریریوں اور کتب خانوں میں بیشتر اُردو مخطوطات کی حالت خستہ اور ناقص ہے۔ مالی فقدان۔ احتیاطی تدابیر کی کمی اور عدم توجہ اس کی بڑی وجوہات ہیں۔ دہلی یونیورسٹی لائبریری اور نیشنل آرکائیز اس معاملے میں قابلِ تحسین ہیں کیونکہ یہاں کے اربابِ حل و عقد نے ایسے تمام مخطوطات کی جو کرم خوردہ یا خستہ حالت میں تھے، کثیر رقم خرچ کر کے عمدہ جلد سازی اور ورق سازی کرا دی ہے جس کی وجہ سے ان مخطوطات کی عمر میں کافی اضافہ ہو گیا ہے۔

کچھ دوسروں سے متعلق

احسان فراموشی ہوگی اگر اس موقع پر انڈیا انٹرنیشنل سینٹر کے لائبریرین جناب ایچ۔ کے۔ کول صاحب کا ذکر

Marfat.com

نہ کیا جائے۔ دراصل یہ کول صاحب ہی کی شخصیت تھی جن کی غیر معمولی دلچسپی اور انہماک کی وجہ سے یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ کیونکہ اسی دوران جے۔ اے۔ واجد صاحب کا جنھوں نے اس پروجیکٹ کا منصوبہ تیار کیا تھا، کشمیر یونیورسٹی میں لائبریرین کی حیثیت سے تقرر ہوگیا لیکن اس موقع پر کول صاحب نے اُردو دوستی کا ثبوت دیتے ہوئے اس منصوبے کو پورا کرنے کا مصمم ارادہ کیا اور بالآخر ان کی نیک نیتی اور ایمانداراانہ کوششوں کی بدولت اُن کی زیرنگرانی یہ کام انجام پذیر ہوا۔ اگر اس فہرست میں کچھ خوبیاں ہیں تو ان کا سہرا کول صاحب ہی کے سر ہے۔

میں یہاں متعلقہ کتب خانوں کے ناظم الامور یا لائبریرین حضرات کا شکریہ ادا کرنا بھی اپنا فرض سمجھتا ہوں جن کے تعاون کے بغیر یہ کام پورا ہونا ناممکن تھا۔

ناشکرگذاری ہوگی اگر میں ڈاکٹر خلیق انجم (سکریٹری انجمن ترقی اُردو ہند) کا شکرگذار نہ ہوں۔ یہ ڈاکٹر خلیق انجم ہی کی کوششیں ہیں جنھوں نے اس فہرست کو اُردو میں منتقل کرانے اور منظرعام پر لانے میں میری دامے، درمے، قدمے، سخنے ہر ممکن طریقے سے مدد کی۔ میں اُن کا نہایت ممنون ہوں۔

صلاح الدین

دہلی
۹ر جولائی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

Marfat.com

کتب خانے

جن کے اُردو مخطوطات کی فہرست مرتّب کی گئی

تعداد مخطوطات

۱- دلّی پبلک لائبریری ——— ۲۰

ایس۔ پی مکرجی مارگ۔ دہلی ۶

۲- غالب اکیڈیمی ——— ۴

بستی نظام الدین۔ نئی دہلی ۱۳

۳- ہارڈنگ پبلک لائبریری ——— ۲۱

فاؤنٹین۔ دہلی ۶

۴- انڈین کونسل فار کلچرل ریلیشن۔ آزاد بھون ——— ۱

اندرا پرستھ اسٹیٹ۔ نئی دہلی ۱

۵- انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز ——— ۲۳

خان پور۔ دہلی

۶- جامعہ ملّیہ اسلامیہ لائبریری ——— ۲۲

جامعہ نگر۔ نئی دہلی ۲۵

۷- نیشنل آرکائیز آف انڈیا ——— ۱۱

جن پتھ۔ نئی دہلی ۱

۸- نیشنل میوزیم ——— ۶۸

جن پتھ۔ نئی دہلی ۱

Marfat.com

۹- نذیریہ پبلک لائبریری ——— ۲۳
پہاڑی بھوجلہ - دہلی ۶

۱۰- ریڈ فورٹ آرچیولوجیکل میوزیم ——— ۱
ریڈ فورٹ - دہلی ۶

۱۱- دہلی یونیورسٹی لائبریری ——— ۳۵
یونیورسٹی اینکلیو

Marfat.com

نیشنل میوزیم ۵۵۰۷۳/۱۸۰۵

ا

فرس نامہ
سعادت یار خاں رنگین
۷۳ صفحات ، ۲ کالم ، ۲۲ س م ، ۱۸ سطور
نستعلیق۔ سیاہ رومشنائی۔

کاتب کا نام موجود نہیں
دیباچہ فارسی میں

یہ مخطوطہ منظوم ہے اور اس کا موضوع گھوڑوں کی مختلف بیماریوں اور علاجوں سے تعلق رکھتا ہے۔ نیز ان بیماریوں سے متعلق مختلف نسخے بھی تجویز ہیں۔

کتابت : ۲۹ محرم الحرام ۱۲۳۴ ہجری مطابق ۱۸۷۵ جلوس اکبر شاہ
آغاز : توسن غیر رفتار قلم در میدان حمد داوری کرم جولانِ گرست .....
اختتام : ..... ہیں اسکی شعر نو سو ساٹھہ بہائی
تجھی گنتی ہی میں نے کہہ سنائی

کرم خوردہ لیکن خوبصورت جلد

مخطوطہ نواب ٹونک کے اُردو ذخیرۂ کتب سے خریدا گیا اور وہاں اس کا نمبر شمار ۱۳ تھا جو اس کے سرورق پر موجود ہے۔

ترقیمہ : تمام شد نسخہ نورتن رنگین یعنی فرس نامہ تصنیف سعادت یار خاں رنگین دلد محکم الدولہ ظہماس بیگخاں بہادر اعتقاد جنگ بتاریخ نوازدہم شہر محرم الحرام سنہ ۱۲۳۴ ہجری روز پنجشنبہ جلوس محمد اکبر شاہ سنہ ۱۸۷۵

Marfat.com

نیشنل میوزیم ۱۸۷۶ - ۵۵۰۷۳

۲

رسالہ علاج البہائم

نامعلوم

۸۶ اوراق - ۲۷ س م ۱۲ سطور

نستعلیق - سیاہ روشنائی

کاتب : سراج الدین احمد

متذکرہ مخطوطہ سات ابواب میں منقسم ہے اور اس میں جانوروں کی مختلف بیماریاں بیان کی گئی ہیں۔ نیز اِن بیماریوں کی تفصیلی فہرست بھی پیش کی گئی ہے اور ساتھ ہی ان کے طریقۂ علاج بھی تجویز کیے گئے ہیں۔

کتابت : ۸ رشوال ۱۲۹۰ ہجری

آغاز : جن مویشیوں کے حفاظت اور کہلانی پلانی کے خبرداری کے جاتی ہی کمتر بیمار پڑتی ہیں .....

اختتام : ..... دوا پلانی کے واسطے دہاتی بوتل بشکل عام بوتل کے ہونی چاہئی اور یہ اگر دستیاب نہ ہو تو عام بوتل سے کام نکالیں مگر احتیاط رہی کے ٹوٹنے نپاوے۔ کرم خوردہ حالت۔ ذیلی عنوانات اور اطرافی حواشی سرخ، خوبصورت سرورق۔ یہ مخطوطہ نواب ٹونک کے اُردو ذخیرۂ کتب سے خریدا گیا اور وہاں اس کا نمبر شمار ۱۳۶ تھا۔

ترقیمہ : الحمدللہ والمنت اللہ کہ کتاب علاج البہائم بتاریخ ہشتم ماہ شوال ۱۲۹۰ ہجری قدسی باختتام رسید مرقوم قلم سراج الدین احمد برادر لاسلام محمد آباد عرف ٹونک۔

137474

Marfat.com

(۲) علم ہیئت

نیشنل میوزیم - ۱۲۰۹ / ۷۳ / ۵۵

۳

آسٹرونامی یا رسالۂ علمِ ہیئت

پنک صاحب

مترجم : میل صاحب

۵۶ اوراق - ۲۴ س م - ۱۴ سطور

نستعلیق - سیاہ اور لال روشنائی

کاتب : شیخ عطا اللہ ہندی

یہ مخطوطہ بالخصوص علمِ ہیئت کے طالب علموں کے لیے لکھا گیا۔ اس میں سیتالیس ابواب ہیں اور اس کی اشاعت پہلی بار نصیر الدین حیدر شاہ کے دورِ حکومت میں لکھنؤ سے ابو النصر قطب الدین سلیمان جاہ کے حکم سے عمل میں آئی۔

کتابت : ۲۶ر صفر ۱۲۵۳ ہجری

آغاز : یہ ایک رسالہ ہی مختصر فن اسٹرانمی میں جسکو علم ہیئت کہتے ہیں۔ اصل اسکی کتاب ہی کہ بطور سوالجواب واسطی .....

اختتام : ..... بس عالم بیحد کی نوادرات کا کیا ذکر اس راز میں بشر کے عقل کوتاہ اور پراگندہ ہوتی ہی۔

ناقص جلد۔ اطرافی حواشی سنہری اور سیاہ۔

یہ مخطوطہ نواب ٹونک کے اُردو ذخیرۂ کتب سے خریدا گیا وہاں اس کا نمبر شمار ۹ تھا

Marfat.com

ترقیمہ : تمام ہوا یہہ رسالہ علم ہیئت میں بتاریخ ۲۹ صفر ۱۲۵۳ ہجری بخط شیخ عطا اللہ ہندی تحریر یافت۔

جامعہ ملّیہ اسلامیہ لائبریری ۲۳۴

۴
مجموعۂ شمسی
کوپرنیکس
۹۲ صفحات۔ ۱۸۰۵ س م - ۱۰ سطور

اس میں چاند سورج اور ستاروں کے خاکے دیئے گئے ہیں۔
نستعلیق۔ سیاہ روشنائی
کاتب : مقبول حسین

یہ مخطوطہ آگرہ بک اسکول کے لیئے فارسی سے ترجمہ کیا گیا۔ اس میں علم ہیئت سے متعلق کوپرنیکس کے مختلف تصورات و نظریات سے بحث کی گئی ہے۔

کتابت : ۱۸۶۰ عیسوی
آغاز : پہلی فصل زمین کی گولائی ثابت کرتی ہے۔ اگلی حکماؤں میں سی کیتی ایک اس بات پر متفق ہیں کہ .....
اختتام : ..... محض مہارت اور کمال کی حصول کی لئی پیدا ہوئی۔ جو چاہتا ہی سو کرتا ہی اور جو ارادہ کرتا ہی سو فرماتا ہی۔ نقط
اشاعتِ اوّل : ۱۸۴۳ عیسوی۔ کرم خوردہ۔
بیشتر یہ مخطوطہ شیخ محمد نظیر حسین کی ملکیت تھا۔
ترقیمہ : تمام شد کتاب مجموعہ شمسی حسب الارشاد جناب منشی شیخ غلام نبی صاحب سپرنٹنڈنٹ سڑک ضلع ایٹہ بخط بی ربط بندہ مقبول حسین ساکن قصبہ چاندپور ضلع بجنور صورت تحریر یافت بتاریخ یازدہم ۱۶۸۰ء تمام شد۔

Marfat.com

سوانح

دہلی یونی ورسٹی ۱۶۳۲۷ - ۹M - MS × ۲۰ M ۶ - ۰۱۶۸

۵

ڈائری

جارج شپہرشور

۱۱۵ صفحات - ۳ ک - ۲۵۰۵ س م - ۱۳ سطور

نستعلیق - سیاہ روشنائی -

خود نوشت

یہ مخطوطہ مصنف کے روزمرّہ کے سفر سے متعلق ہے جو ۲ر جنوری ۱۸۹۰ء سے شروع ہوکر ۳۱ر دسمبر ۱۸۹۰ء پر ختم ہوتا ہے - آخیر میں ۱۸۸۹ء یعنی گذشتہ سال کے کچھ اہم واقعات کا بھی ذکر کیا گیا ہے -

آغاز : آں شاہ کہ خویش را ہلاکو میگفت
وزما را سخن بخشم و آبرو میگفت .....

اختتام : ..... خاں محبوب بخش - دہلی بازار چتلی قبر - حویلی اعظم خاں -

ترقیمہ : مرقوم نہیں -

دہلی یونی ورسٹی ۱۶۳۲۶/ MA/ MS ۶ MJAW - ۰۱۶۸

۶

ڈائری جیمس

Marfat.com

جیمس

۲۰۶ صفحات - ۲ک - ۲۴۰۵ س م - ۱۶ سطور

نستعلیق - سیاہ روشنائی -

خود نوشتہ

اس مخطوطے میں مصنف نے اپنے ۱۸۷۹ء میں درپیش شدہ روزمرّہ کے حالات و واقعات کو قلمبند کیا ہے -

اختتامیہ تاریخ ۱۸۷۹ عیسوی

آغاز : شکر بدرگاہ جناب مسیح کہ آج یہ نوروزِ سعید .....

اختتام : ..... برخوردار ولیم ۴ بجے اتوار کو روانہ ہوا -

مخطوطے کے سرورق کے پیچھے کچھ اشعار بھی مندرج ہیں اور ایک شائع شدہ جنتری بھی اس مخطوطے کے ساتھ مجلّد ہے -

ترقیمہ : مرقوم نہیں -

دہلی یونی ورسٹی ۱۶۳۲۵/MS/M۵ ۱۶۸ SWM ۲۲ ، ۷۲

۷

ڈائری تھامس حیدر علی

تھامس حیدر علی

۲۲ صفحات - ۲۸ س م - ۱۹ سطور

نستعلیق - سیاہ روشنائی

خود نوشتہ

اس مخطوطے میں مصنف نے ۱۸۴۲ سے ۱۸۵۳ تک کے پیش آنے والے روزانہ کے حالات و واقعات کو مندرج کیا ہے - تھامس کی تاریخ پیدائش ۲۷ر جولائی ۱۸۲۶ء مندرج ہے اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ مصنف نواب قیصر علی خاں کے دربار سے وابستہ تھا -

Marfat.com

آغاز : مسٹر طامس حیدر علی صاحب بتاریخ بست و ہفتم جولائی ۱۸۲۶ کو پیدا ہوئے....
اختتام : ..... اب ... ملتوی ہوگیا سب زمیندار آگئے ..... کی حویلی پر اشتہار چسپاں کیا۔
ناقص اور خستہ حالت۔ مختلف صفحات پر چسپاں لگی ہوئیں اطرافی حواشی سیاہ
ترقیمہ مرقوم نہیں۔

غالب اکیڈمی ۵۴۵

۸

غالب کی قیام گاہِ رام پور کی یادگار تقریب
مولانا امتیاز علی خاں عرشی
۴ اوراق - ۲ک - ۲۴۰۵ س م - ۲۷ سطور
نستعلیق - نیلی روشنائی -
کاتب کا نام مرقوم نہیں۔
یہ مختصر مخطوطہ اس تقریب سے متعلق ہے جو نواب رام پور سید رضا علی خاں نے ۱۹۴۴ میں اس مکان کو جس میں غالب ۱۸۶۰ میں رام پور کے اندر قیام پذیر ہوئے تھے خرید کر "یادگارِ غالب" کو منسوب کیا تھا اور بعد ازاں اعلان کیا تھا کہ غالب پر تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے یہاں پر غالب سے متعلق مواد اکٹھا کیا جائے گا۔
تاریخ کتابت : ۲۸ر فروری ۱۹۴۴ء بروز اتوار
آغاز : ہندوستان میں اکابر رجال کی یادگاروں کی طرف سے جو بے توجہی برتی جاتی ہے اور غالب جیسے شاعر اور ادیب کی قبر تک جس کس مپرسی کی حالت میں پڑی ہوئی ہے .....
اختتام : ..... امید ہے کہ اعلیحضرت کی توجہ سے یہ یادگار ادارہ ہندوستان میں

Marfat.com

ایک نمونہ کا ادارہ بن جائے گا اور دوسرے حلقے بھی اس سے متاثر ہو کر اس کی تقلید کریں گے۔

یہ مخطوطہ اکبر علی خاں صاحبزادہ امتیاز علی خاں عرشی نے ۲۹ر دسمبر ۱۹۶۸ء کو تحفتہً غالب اکیڈیمی کو پیش کیا۔

ترتیمہ مرقوم نہیں۔

نیشنل آرکائیز آف انڈیا۔ ۲۲۳ - ۳۰/جولائی ۱۹۵۷ء

۹

گلدستۂ شجاعت

بیگم تھامس

مترجم: محمد خاں

۴۷ صفحات۔ ۲۷ س م۔ ۱۷ سطور

نستعلیق۔ سیاہ روشنائی

یہ مخطوطہ محمد خاں کی اُردو تلخیص ہے جو انھوں نے انگریزی سے ترجمہ کی ہے۔ یہ دراصل جان ٹبٹ کی سوانح پر مشتمل ہے اور چھبیس ابواب میں منقسم ہے۔ اس کے مصنف کا پورا نام تھامس انجگلس ہے۔

آغاز: اگر شروع انیسویں صدی سے تا زمانِ حال صفحۂ وقایع یادگار سازران بیکار منسلکان سررشتۂ سرکار .....

اختتام: ..... اور تا مدت عملداری مکاناتِ مقبوضہ داخل ہوئے اور چشم فیض سرکار والا بنادِ موصوف مبذول رکھیں۔

ترتیمہ: خلاصہ نسخہ گلدستۂ شجاعت من التصنیف مسز تھامس انیگلس۔

Marfat.com

نیشنل میوزیم ۲۰۴۹-۷۳- ۵۵/ ۳۱۲۲

۱۰

(مثنوی) مظہر الانوار

محمد رحیم اللہ

۱۷ صفحات - ۲ک - ۲۱ س م - ۱۰ اسطور

نستعلیق - سیاہ روشنائی

کاتب کا نام مرقوم نہیں۔

ذیلی عنوانات فارسی میں مرقوم۔

یہ مخطوطہ نواب امیر خاں اور ان کی حویلی کی تعریف میں لکھا گیا ہے۔

تاریخ تصنیف : ۱۲۳۶ ہجری

تاریخ کتابت : ۱۲۳۸ ہجری

آغاز : حمد خدای جہان آفرین پیدا کنندہ زمان و زمین صانع شمسی و القمر خالق
جن و البشر و آتش بی مثل .....

اختتام : ..... اسی جو پڑھ کہ ہووی خرم و شاد
دعائی خیر سی یارب کری یاد

ناقص جلد۔ عنوانات سرخ روشنائی سے تحریر۔ شروع کے کچھ اوراق بھی نیلی۔ سنہری اور سرخ روشنائی سے منقش ہیں۔

یہ مخطوطہ نواب ٹونک کے ذخیرۂ کتب سے خریدا گیا۔ اس پر وہاں کی مرقومہ تاریخ ۲۷ صفر ۱۲۴۳ ہجری ہے۔

ترقیمہ : تمام شد مثنوی مظہر الانوار بدست خط عاصیٔ پُر معاصی محمد رحیم اللہ ۱۲۳۸ ہجری۔

Marfat.com

نیشنل میوزیم - ۱۶۴۸/۷۳ - ۵۵

۱۱

مونس الارواح بمعروف ہدیۂ ابراھیم
سلطان جہاں آرا بیگم
مترجم : ابو سراج
۱۸۷ صفحات - ۲۷ س م - ۱۲ سطور
نستعلیق - سیاہ اور سرخ روشنائی
کاتب : عبدالملک
پہلے دو اوراق عربی میں مرقوم -

یہ مخطوطہ شاہ جہاں کی بیٹی سلطان جہاں آرا بیگم کی تصنیف مونس الارواح کا اردو ترجمہ ہے - اس تصنیف میں ہندوستان کے مشہور صوفیا و اولیا حضرات اور دیگر علما دین کا تذکرہ سوانحی نہج پر کیا گیا ہے - خصوصاً حضرت خواجہ نظام الدین چشتی کی حیات اور معجزات کا تذکرہ ہے - یہ ترجمہ محمد رحیم اللہ خاں کی فرمائش پر کیا گیا -

تاریخ تصنیف : ۲۸ رمضان ۱۰۴۹ ہجری
تاریخ کتابت : ۱۲۹۵ ہجری
آغاز : اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ .....
اختتام : ..... بموجب اعتقاد اس صعیفہ کے جو کچھ کہ اس رسالہ میں لکھا ہی صحت تمام رکھتا ہی - امید کہ پڑھنے والوں کو فیض اور بہرہ تمام اوس سے حاصل ہو -
خوبصورت جلد - سرخ اطرافی حواشی - مخطوطہ نواب ٹونک کے ذخیرۂ کتب سے خرید کیا گیا اور وہاں اس کا نمبر شمار ۳۰ ہے -
ترقیمہ : ترجمہ مونس الارواح کا یعنی عندکہ الحمد للہ والمنہ علے رسولہ سیدنا و سید العالمین

Marfat.com

الوف الصلوٰۃ وضوف السلام والتحیہ کہ اوسکے عنایت بے غایت سے یہ ترجمہ کہ اسکا آغاز اور اتمام شہر صفر المظفر سن بارہ سو پچانویں ہجری میں ہوا اختتام کو پہنچا اور حلیہ انجام سے آراستہ ہوا۔ خداوند کریم اسکو ہمارا وسلۂ نجات دوجہاں اور سبب آسایش جاودانگا، وفاوی واللہ المستعان وعلیہ التکلان وصلی اللہ تعالیٰ علے خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ اصحابہ واتباعہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ آمین۔ ثم آمین۔ ثم آمین۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ لائبریری ۲۳۳

۱۲

نظم الجواہر مسمّٰی بہ مکتوبات مظہریہ
سیّد مظہر حسین

جلد ۲۔ ۳۳۳ اوراق۔ ۲۳ س م۔ ۱۶ سطور

شکستہ۔ سیاہ روشنائی

خود نوشتہ

یہ مخطوطہ ان خطوط کا مجموعہ ہے جو مصنف نے وقتاً فوقتاً اپنے عزیزوں اور دوستوں کو لکھے تھے۔ مصنّف کا دطنِ مالوف سنبھل تھا۔

آغاز: بعد حمد وصلوٰۃ کے واضح ہو کہ اوستادی مولانا ومرشدنا سیّد مظہر حسین صاحب سنبھلی دامتہ فیوظہم کے جو مکتوبات .....

اختتام: ..... بعد طبع ایک کتاب اونکی پاس بہی بہیجونگا انشاء اللہ کاتب الحروف کو دُعا فقط راقم محمد مظہر حسین۔ ۲۵ جون ۱۹۰۵ء

کرم خوردہ۔ خستہ حالت۔

ترقیمہ مرقوم نہیں۔

Marfat.com

نیشنل میوزیم - ۲۳۲۶ / ۷۳ - ۵۵

۱۳

رسالہ مہملہ موسومہ سلک گوہر

سید محمد عبدالقادر سیفی

۷۶ صفحات - ۱۸ س م - ۱۶ سطور

شکستہ - سیاہ روشنائی

خود نوشتہ

یہ مخطوطہ ان اکتالیس خطوط کا مجموعہ ہے جو مصنّف نے اپنے دوستوں اور عزیزوں کو لکھے تھے۔ اس مخطوطے کے آخر میں اُن مشکل الفاظ کے معنی بھی لکھے ہیں جو مصنف نے اِن خطوط میں استعمال کیے تھے۔

کتابت : ۱۷ جمادی الثانی ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۴ دسمبر ۱۹۲۷ء بروز منگل

آغاز : معمورۂ عالم کے ریگستانِ الینیہ میں تعمق کی نظر سے اگر مطالعہ کیا جائے تو بہت کم زبانیں ایسی ملیں گی .....

اختتام : ..... ہرگاہ ہمکو کام کا صلہ عطا ہوگا۔ کُل کا کُل ارسال ہوگا۔ مقبول اللہ علدار کا محکوم احمد کو سلام والسلام الحمد اللہ آوارہ دل عادل۔

ترقیمہ : الحمد اللہ کہ رسالہ مہملہ موسومہ سلک گہر کی تصنیف ۱۴ دسمبر روز چہارشنبہ ۱۹۲۷ء مطابق ۱۷ جمادی الثانی ۱۳۴۶ھ انجام کو پونہچی۔ خادم ابو محمد سید عبدالقادر سیفی ہیڈ عربک برسٹین مولوی اسٹیٹ ہائے اسکول راجند گاؤں۔ سی۔ پی۔

غالب اکیڈمی ـــــ ۲۶ / ۷۲۷

۱۴

سیرِ غالب

حکیم ابوالحسنات ایوب حسن بیدل فاروقی

Marfat.com

۴۳۵ اوراق - ۱۹۰۵ س م - ۱۱ سطور
سرورق پر مصنّف کا ایک فوٹو بھی چسپاں ہے۔
شکستہ - سبز اور سرخ روشنائی
خود نوشتہ

یہ مخطوطہ غالب کی سوانح حیات اور اُردو ادب میں اُن کی خدمات و تخلیقات پر ایک مکمل کتاب ہے اور یہ آٹھ ابواب میں منقسم ہے۔

آغاز : نہایت مسرت کا مقام ہے کہ ہم اپنے اس ادبی شہکارِ فن " سیرِ غالب " کو پورے ادب و احترام کے ساتھ .....

اختتام : ..... یہ سرمایۂ اُردو ادب، ہمارا مشترکہ خزینۂ تمدن ہے جسکی نگہبانی ہم پر لازمی ہے۔ والسلام۔

خوبصورت جلد۔ عنوانات سُرخ روشنائی کے ساتھ مرقوم۔ یہ مخطوطہ مصنّف نے بذاتِ خود " غالب صدی " کے موقع پر ۲۲ فروری ۱۹۶۹ء کو غالب اکیڈمی کی افتتاحیہ تقریب کے دوران غالب اکیڈمی کے صدر حکیم عبدالحمید صاحب کو پیش کیا۔

ترقیمہ : از ابوالحسنات حکیم ایوب حسن بیدل فاروقی صدر دارالحسنات نیرکوٹ۔ سہارنپور سابق صدر شعبۂ عربی و فارسی اُردو۔ محکمۂ تعلیمات۔ عظیم تر میسور۔

دہلی یونیورسٹی لائبریری ـــــ ۲۸۳۶۵۲

۱۵
شورشِ عشق
اصغر علی اکبر آبادی
۴۳۲ صفحات - ۱۴ س م - ۱۰ سطور
شکستہ - سیاہ روشنائی
کاتب : محمد عسکری

Marfat.com

یہ مخطوطہ مصنّف کی خود نوشت سوانح ہے۔ اس میں مصنّف نے اپنے رومانی واقعات کا تفصیلی تذکرہ کیا ہے۔

تاریخ تصنیف : ۱۲۷۶ ہجری

کتابت : ۱۰ ذوالحجہ ۱۳۰۶ ہجری

آغاز : قلم لکھنی کو بسم اللہ پہلی سر جھکاتا ہے

زباں پر حمد پہر اوس خالق کی لاتا ہے .....

اختتام : ..... تمام شہر میں عیش و نشاط کا بند و بست ہے کسیکو کو درد و الم سے مطلب نہیں ہر اک اپنی اپنی محبت میں مست ہی

کچھ اوراق کرم خوردہ ہیں۔ جو اشعار مثال کے لیے پیش کیے گئے ہیں وہ سُرخ روشنائی سے لکھے ہیں۔ خوبصورت جلد۔

ترقیمہ : تمام شد کتاب ھذا بخط خام محمد عسکری بتاریخ ۱۰ ماہ ذوالحجہ ۱۳۰۶ ہجری۔

نیشنل میوزیم ۸ - ۶۹

۱۶

تاریخ تولد قاضی زین الدین ہچولی شاہ ابوالحسن

(۱۶۴ صفحات)۔ ۱۹ س م - ۱۱ سطور

شکستہ۔ سیاہ روشنائی

کاتب کا نام مرقوم نہیں۔

یہ مخطوطہ قاضی ہچولی کی مکمل سوانح پر مبنی ہے جو منظوم دکنی اُردو میں لکھا ہے۔

تاریخ تصنیف : ۱۰ ربیع الثانی بروز جمعہ مطابق ۱۰۴۵ ہجری

تاریخ کتابت : ۵ صفر بروز اتوار مطابق ۱۲۵۱ ہجری

آغاز : حمد بگویم ..... مر خالق جن و بشر
کردہ معلق آسمان ہم اختر و شمس و قمر .....

Marfat.com

اختتام : ..... شاہ بوالحسن کا بندۂ یلہ۔ کاتب بچارہ معتقد
امید وہر تحفہ لکھا۔ شافع ہو تم روز برحشر
ذیلی عنوانات سرخ روشنائی سے مرقوم
یہ مخطوطہ راجہ رائے چور کی ملکیت رہ چکا ہے۔
ترقیمہ : ایں نسخہ ہذا در ملک غلام بندہ نواز قاضی ولد شیخ امام ساکن ہچولی در مقام کپلی
تحریر یافت بتاریخ پنجم بروز یکشنبہ ماہ صفر ۱۲۵۱ ہجری۔

۴۔ طرز تعلیم

جامعہ ملیہ اسلامیہ لائبریری ۱۲۷

۱۷
اشارات التعلیم
لالہ امراؤ سنگھ
۴۶ صفحات۔ ۲۶۰۵ س م۔ ۲۰ سطر
شکستہ۔ سیاہ روشنائی
کتابت : یار محمد خاں۔
اس مخطوطہ میں طریقۂ تعلیم اور اس سے متعلق دوسرے موضوعات پر بحث کی گئی ہے۔ جس میں طالب علموں کی نفسیات اور ان کے درمیان افہام و تفہیم پیدا کرنے کے طریقۂ کار پر بھی قلم اٹھایا گیا ہے۔
تاریخ کتابت : ۱۷ دسمبر ۱۸۹۲ء

Marfat.com

آغاز : فن تعلیم میں وہ کل مسائل شامل ہیں جن سے معلم اپنی جماعت کی توجہ قائم رکھتا ہے....
اختتام :..... جو جواب دیں انکو اچھی طرح سے اور اونکا تصفیہ اسطرح کری کہ
طلباء کو کام کرنیکی ترغیب اور ہمت ہو۔
سرورق پر مرقوم ہے کہ چودھری یار محمد کی ملکیت میں یہ مخطوطہ رہ چکا ہے
ترقیمہ بھی سرورق پر مندرج ہے جو اس طرح سے ہے :
بمقبوضہ و مملکوکہ چوہدری یار محمد خاں گجراتی (ب) کلاس متعلم نورمل اسکول راولپنڈی
مکتوبہ ۱۷ دسمبر ۱۸۹۲ء

جامعہ ملیہ اسلامیہ لائبریری ۲۶۵

۱۸
(اشارات التعلیم)
(لالہ امراؤ سنگھ)
جلد دوم (۲۰۴ صفحات) ۲۴۰۵ س م۔ ۱۷ سطور۔
شکستہ۔ سیاہ روشنائی
کاتب : یار محمد خاں
یہ مخطوطہ بھی گذشتہ سے پیوستہ ہے اور اس حصّے میں صرف قواعدِ تعلیم اور اصولِ تعلیم پر بحث کی گئی ہے۔
کتابت : ۲۳ ستمبر ۱۸۹۲ء
آغاز : جو جواب غلط ہوں اونکی طرف سے یکجہت مُنہ نہ پھیریں جس طالب علم کے جواب سے یہ معلوم ہو کہ وہ جواب کو نہیں سمجھتا تو معلم کو چاہیئے .....
اختتام : ..... اون خیالات کو جو کسی زبان میں پائے جاتے ہیں دوسری زبان میں لانا .....؟
ترقیمہ : فقط یار محمد نائب مدرس سکول کھاریان ۲۳ ستمبر ۱۸۹۲ء

Marfat.com

(۵) اخلاقیات

انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز

۱۹

جامع الاخلاق یا اخلاقِ جلالی
(جلال الدین افغانی)

مترجم: مولوی امانت اللہ

(۱۱۸ اوراق) ۲۸ س م - ۱۷ اسطور

نستعلیق - سیاہ روشنائی

کاتب: عزیز

یہ مخطوطہ جلال الدین افغانی کی معرکۃ الآراء تصنیف "اخلاقِ جلالی" کا اُردو ترجمہ ہے جس کا موضوع اخلاقیات سے تعلق رکھتا ہے۔

تاریخ تصنیف: ۱۲۲۰ ہجری مطابق ۱۸۰۵ عیسوی

تاریخ کتابت: ۱۲۶۵ ہجری مطابق ۱۸۵۰ عیسوی

آغاز: نام اس کتاب سعادت انتساب کا جامع الاخلاق ہے اور یہ ترجمہ ہے لوامع الاشراق فی مکارم الاخلاق عرف اخلاقِ جلالی کا اُردو زبان میں .....

اختتام: ..... ترجمہ سے میں جب ہوا فارغ
فکر تاریخ طبع پر ہے مشتاق
دور کر تیغ سے سر جھل بولا ہاتف تمامی اخلاق
۱۲۲۰

Marfat.com

بیشتر کرم خوردہ

ترقیمہ : بفضل اللہ تعالیٰ شانہ بتاریخ ۱۳ رمضان شریف ۱۲۶۵ ہجری مطابق ۲۳ جولائی ۱۸۵۰ عیسوی بروز سہ شنبہ بوقت یک گھڑی دوپہر کتاب ہذا بخط ناقص عزیز اتمام یافت۔

(۶) اخبارات و رسائل

جامعہ ملیہ اسلامیہ لائبریری - ۳۰-۱۵۲۹-۱۵۲۴

۲۰

جوہر
جلد دوم ۱۹۲۱ء
مرتبہ : مجلس جوہر
حصہ سیوم - ۲ ک - ۳۴ س م - ۳۰ سطور
نستعلیق - سیاہ روشنائی

اس اخباری مخطوطہ میں نظمیں۔ مختصر کہانیاں۔ مختلف مضامین۔ سیاسی تبصرے اداریے اور دیگر موضوعات پر قلم اٹھایا گیا ہے۔

اس اخبار کا اجرا پہلی مرتبہ ۱۹۲۱ء میں ہوا۔ اس کا مقصد اردو زبان و ادب کو ترقی دینا تھا۔ مذکورہ لائبریری میں اس اخبار کے ۱۹۲۲ء سے لے کر ۱۹۲۶ء تک کے سارے اجرا موجود ہیں۔

آغاز : ہماری گذارش پر ہمارے کرمفرما جناب یوسف صاحب نے یہ حالات عنایت

Marfat.com

کئے ہیں۔ ناظرین بجائے عارضی انبساط وحظ . . . . .

اختتام : . . . . . استحادی دکان نے ناشتہ کا بھی انتظام کردیا ہے۔ ناشتہ کا سامان اچھا اور تازہ ہوتا ہے نیز یہ کہ وقت پر ملتا ہے۔

۲۱

تاریخ تعریفات الفنون

محمد معین الدین

۵۳ صفحات۔ ۲۸ س م۔ ۱۸ سطور

نستعلیق۔ سیاہ روشنائی

خود نوشتہ۔ قرآنی اقتباسات بھی درج ہیں۔

اس مخطوطے میں مصنف نے قرآنِ پاک کی تعلیمات کی روشنی میں مختلف موضوعات پر قلم اٹھایا ہے اور ان موضوعات پر سائنٹفک نقطۂ نظر سے بحث کی ہے۔ اس کے علاوہ مختلف فنون جیسے تاریخ جغرافیہ۔ ادب پر بھی اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ یہ مخطوطہ ترپین (۵۳) ابواب پر مشتمل ہے۔

کتابت : ۲ جمادی الاول ۱۳۵۲ ہجری

آغاز : خدائے قدوس کا یہ منشا ہے کہ بنی نوع انسان آپس میں مساویانہ حیثیت سے دنیا میں زندگی بسر کریں۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے . . . . . .

اختتام : . . . . . ہم بھی اپنے مذاق کو ذیل کے نقشے میں ظاہر کرتے ہیں اور اس فن کو " اسماء الکتب والفنون " سے تعبیر کرتے ہیں۔

مولانا عبدالرؤف جو اس مخطوطے کے مالک تھے کی ذاتی مہر بھی ثبت ہے۔

ترقیمہ : تمام شد بقلم مضمون نگار بندہ مسکین محمد معین الدین ناظم کتابخانہ حبیب گنج ضلع علیگڈھ بتاریخ ۲ جمادی الاول سنہ ۱۳۵۲ھ

Marfat.com

نذیریہ لائبریری (A.D ۱۹۴۷ء)/۲۱

۲۲

ترجمہ تاریخ عبدالفدا

عبدالفدا

مترجم: سیّد اشرف علی

۷۷۰ صفحات - ۲۸ س م - ۲۱ سطور

نستعلیق - سیاہ روشنائی - ذیلی عنوانات سرخ -

کاتب: امیر بخش

اس مخطوطے میں قدیم عہد سے لے کر ۹۳۵ ہجری تک کے تہذیبی ارتقاء کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا گیا ہے - یہ جائزہ تاریخی ارتقاء کی روشنی میں لیا ہے - اسی مخطوطے کے ایک باب میں مختلف بادشاہوں کا احوال بھی درج ہے اور کچھ ابواب میں ایران - ٹرکی اور مشرق وسطیٰ و مغربی ایشیاء کے ممالک کا بھی بیان کیا گیا ہے -

کتابت: ۱۲۵۰ عیسوی

آغاز: بعد حمد اور صلواۃ کے کریم الدین جو کہ ایک ادنےٰ خدام طلباء مدرسہ دہلی کا ہے سب ارباب ہنر .....

اختتام: ..... ابن یونس مشہور ہے فوت ہوا - یہ زیج چار جلد میں ہے کہتے ہیں کہ عزیز ابوالحاکم نے اوس کے بنانے کا حکم دیا تھا -

سرورق پر لکھی عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مخطوطہ ۱۹۴۷ء میں شائع ہوا تھا - مولانا عبدالرؤف نے جو اس کے پہلے مالک تھے کی مہر بھی اس پر موجود ہے - مخطوطہ کا زیادہ حصّہ کرم خوردہ ہے -

ترقیمہ: تمام ہوئی جلد تیسری عبدالفدا کی -

Marfat.com

۷۔ جغرافیہ

نیشنل میوزیم ۶۷۶

۲۳

مُرتیب الاقالیم

مصنف نامعلوم

(۶۵ اوراق) ۳۰ س م - ۱۵ سطور

نستعلیق۔ سیاہ روشنائی - مومیایا مخطوطہ

کاتب : پنّا لعل

اس مخطوطے میں دنیا کے کئی ممالک کے جغرافیائی حالات کا تذکرہ ہے۔ ان ممالک میں روس - انگلینڈ۔ امریکہ اور فرانس شامل ہیں۔ یہ گیارہ ابواب میں منقسم ہے اور اپنے وقت کی شائع شدہ مختلف کتب سے مواد حاصل کرکے اس کی ترتیب دی گئی ہے۔ سرورق پر ایک مہر بنام یمین الدولہ وزیر الملک محمد علی خاں صولت جنگ بہادر ہے۔ اس کے علاوہ دیباچے میں اس کی تاریخ تصنیف ۱۸۳۴ عیسوی بیان کی گئی ہے۔

تاریخ کتابت : ۲۱ شوال ۱۲۵۸ ہجری۔

آغاز : علم جغرافیہ میں سوال وجواب کی طور پر انکلینڈ کی معتبر ومروج انگریزی سی انتخاب کی گئی جسکی مطالعہ سی زمین کی خشکی وتری اور .....

اختتام : ..... ش اشارہ ہے طرف شمال کی اور ج طرف جنوب کے اور طول میں ش سے غرض شرق ہی اور غ سے غرب اور حروف طول وعرض کا حساب ابجد سی لیا جاتا ہے۔

Marfat.com

مخطوطہ میں مذکور ہے کہ اس کی اشاعت پہلی بار ۱۸۳۴ عیسوی بمقام کلکتہ ہوئی۔ ابواب کے عنوانات سرخ ہیں۔ یہ مخطوطہ نواب ٹونک کے اُردو ذخیرۂ کتب سے خریدکیا گیا اور وہاں اس کا نمبر شمار ۲۵۹ مندرج ہے۔

ترقیمہ : کتاب ہذہ بقلم پنا لعل ولد بخشے مہتاب رائے بتاریخ بست ویکم شہر سوال ۱۲۵۸ ہجری صورت اختتام و زینت اتمام یافت۔

۸۔ ہندوستانی گائیڈ بک

(۸۱) کشمیر

نیشنل آرکاویز ۱۹۵۷ جولائی ۱۸/۱۲۸

۲۴

گلزار کشمیر

کرپا رام

۵۱۶ صفحات۔ ۳۰ س م۔ ۱۵ سطور

نستعلیق۔ سیاہ روشنائی

کاتب کا نام مذکور نہیں۔

یہ مخطوطہ کشمیر کی تاریخ پر مشتمل ہے۔ اس میں منجملہ یہاں کے راجاؤں کے حالات یہاں کی آب و ہوا۔ جغرافیہ۔ کھیتی باڑی۔ باغات۔ معدنیات۔ چرند پرند۔ جانور۔ یہاں کی آبادی یہاں کی پیداوار اور لوگوں کے پیشوں کا تذکرہ بہت تفصیل سے کیا گیا ہے۔ یہ چھ ابواب

Marfat.com

پر مشتمل ہے۔
تاریخ تصنیف : ۱۹۱۳ عیسوی۔
آغاز : گلزار زیبایش کے رنگ برنگ کلیاں ایسی باغبان کے چوکھٹ پر نثار ہیں
جسکی چار چمن .....
اختتام : ..... الاچر والاچر دانہ۔ لونگ۔ سونف۔ منہدے۔ امبر۔ انار دانہ۔
مرس۔ بارود ت۔ چھوارا۔
کچھ اوراق کرم خوردہ ہیں۔ عنوانات اور اطرافی حواشیے سرخ ہیں۔
ترقیمہ مندرج نہیں ہے۔

(۸۶۲) ٹونک

نیشنل میوزیم ۹۶۹

۲۵
نجم سعادت
سعد اللہ خاں

۱۸۶ صفحات۔ ۲۱ س م۔ ۹ سطور
مخطوطے میں نواب امیر خاں۔ نواب وزیر خاں۔ نواب محمد علی خاں۔ نواب محمد ابراہیم علی خاں اور نواب حافظ محمد سعادت علی خاں کے فوٹو موجود ہیں۔
نستعلیق۔ سیاہ روشنائی۔
خوردنوشتہ
اس مخطوطے میں ریاست ٹونک کے ضلع چھیترہ کے جغرافیائی حالات اور ریاست ٹونک کے نوابین کی تاریخ کا ذکر ہے۔ اس کے علاوہ یہاں کے انتظامی حالات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔
تاریخ کتابت : ۱۹۳۶ء

Marfat.com

آغاز : ریاست ٹونک کا رقبہ مسلسل اور محلق محدود نہیں ہے بلکہ اس کے چھ حصّے جو پرگنات
کے نام سے موسوم ہیں .....

اختتام : ..... یہ شعبہ ۱۹۰۹ء میں قائم ہوا ہے۔ تین مسلمان تین ہندو اس کے ممبر
اور ناظم پرگنہ پریسیڈنٹ ہے اور دفتری کام کے لئے متصرم کے لقب سے ایک
اہلکار ہے۔

خوبصورت جلد۔ سرورق منقش۔

یہ مخطوطہ بھی نواب ٹونک کے اُردو ذخیرۂ کتب سے خریدا گیا اور وہاں اس کا نمبر شمار ۴۳۹
ترقیمہ مذکور نہیں۔

۹۔ تاریخ

(۹۷۱) افغانستان

نیشنل میوزیم ۸۵۷

۲۶

تاریخِ جنگِ کابل
سید قدرا حسین مسمیٰ نبی بخش

۱۲۱ صفحات - ۲۰ س م - ۱۱ سطور
شکستہ - سیاہ روشنائی
کاتب : سید عبدالغفور

اس مخطوطے میں ۱۹۴۰ء میں کابل کے نزدیک لڑی گئی اینگلو افغان جنگ کے چشم دید حالات

Marfat.com

درج ہیں۔ مصنّف جو کہ خود بھی جنگ میں شریک تھا، نے یہ تاریخ اپنے بڑے بھائی کی فرمایش پر مذکور کی۔ جن کا نام حاجی حسین علی خان مندرج ہے۔

آغاز : حمد بیحد جناب پروردکار عالم کو واجب ہی کہ جس نے ہزار عالم کو اپنی قدرت کاملہ سے ایک حرف کُنْ کے ساتھہ پیدا کیا اور .....

اختتام : ..... کہ ساٹھہ ہزار فوج تھی۔ تیس ہزار بنگالہ کی اور تیس ہزار بمبئی کی لڑائی پر گئی تھی سب مارگئی کل سات ہزار آدمی وہانسے بچکر زندہ آئی اور باقی وہیں مدفون ہوئی۔

مخطوطہ نواب ٹونک کے اُردو ذخیرہ کتب سے خرید کیا گیا وہاں اس کا نمبر شمار ۳۹۰ تھا۔

ترقیمہ : تمام شد کتاب تواریخ جنگ انگریزاں از کل تصنیف سید عبدالغفور شاہ جہاں آبادی۔

(۲/۹) عرب

نیشنل آرکاویز آف انڈیا ۲۶ ستمبر ۱۹۵۹ - /۱۹۹۶

۲۷

تاریخ تمدنِ عرب

لی بون

مترجم: سیّد علی بلگرامی

جلد سوم - ۶۴ صفحات - ۳۳ س م - ۱۹ سطور

شکستہ - سیاہ روشنائی

کاتب کا نام مذکور نہیں۔

یہ مخطوطہ تاریخ تمدن عرب مصنف لی بون کے پہلے حصّے کا اُردو ترجمہ ہے اور اس حصّے میں عرب کی جغرافیائی تاریخ کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

کتابت : ۹ رمضان ۱۳۱۵ ہجری
آغاز : عربستان ایک بہت بڑا ملک ہے جسکا رقبہ تقریباً فرانس سے دوگنا اور حال کی تحقیق کی رو سے ایک لاکھ چھبیس مربع فرسخ ہی .....
اختتام : ..... دارالخلافہ کا خطاب جو قریب تھا کہ اُس سے چھین لیا جائے دوبارہ حاصل کر لیا تھا۔ عبدالمطلب کی یہ خواہش تھی کہ کل خود مختار قبائل اس مرکز حکومت کے

باقی اگلے حصے میں

غیر مجلد، تمام اوراق پر چیپیاں چسپاں۔
ترقیمہ مذکور نہیں۔

نیشنل آرکائیز آف انڈیا ۲۶ ستمبر ۱۹۵۹ء / ۱۹۹۵

۲۸
مقدمہ (تاریخ تمدّن عرب)
لی بون
سید علی بلگرامی
جلد سوم - ۲۷ صفحات - ۳۳ س م - ۱۷ اسطور
نستعلیق - سیاہ روشنائی
کاتب کا نام مذکور نہیں۔

یہ مخطوطہ اُردو ترجمہ کی شائع شدہ تعارف کی نقل ہے۔ اس تعارف میں مصنف نے اس کتاب کے ترجمہ کا مقصد بیان کیا ہے اور ساتھ ہی اُن کتب کی فہرست بھی دی ہے جو اُس نے اس کتاب کی تالیف کے وقت مطالعہ کی تھیں یا جن سے اس کتاب کی ترتیب میں مدد حاصل کی تھی۔

آغاز : ہماری پہلی تصنیف کے پڑھنے والوں کو اس کتاب کی حقیقت اور اس کتاب

Marfat.com

کی وجہہ تصنیف بخوبی معلوم ہے .....

اختتام : ..... اُس قوم کی حالت کو درست اور واضح طور پر کتاب کے ذہن نشین کرسکے تو سمجھیں گے کہ جس غرض سے ہم نے کتاب لکھی ہے وہ پوری ہوگئی۔

کچھ اوراق کے حواشیے پر کچھ الفاظ کے معنی بھی لکھے ہیں اور ان کی وضاحت بھی کی گئی ہے۔

سارے اوراق پر چیپیاں چسپاں ہیں۔

ترقیمہ مرقوم نہیں ہے۔

نیشنل آرکائز آف انڈیا ۲۶ ستمبر ۱۹۵۹ / ۱۹۹۲

۲۹

دیباچہ مترجم (تاریخ تمدن عرب)

لی بون

مترجم : سید علی بلگرامی

جلد سوم (۱۲ اوراق) ۳۳ س م۔ ۲۳ سطور

شکستہ۔ سیاہ روشنائی۔

کاتب کا نام مذکور نہیں۔

یہ مخطوطہ تاریخ تمدن عرب کے دیباچے کا اُردو ترجمہ ہے۔

کتابت : ۹ رمضان ۱۳۱۵ ہجری مطابق ۲۳ جنوری ۱۸۹۹ عیسوی

آغاز : اس کتاب کے ضمیمہ در چہارم میں جو فہرست کتابوں کی دی گئی ہے اس کو بنظر سرسری دیکھنے سے بھی ثابت ہوجائیگا کہ .....

اختتام : ..... لیکن اس کو دوبارہ اور سہ بارہ صاف کرانے کا پیاں لکھوانے اور انکی تصحیح اور چھپوانے اور تصویروں وغیرہ کے اہتمام میں اور بھی نو مہینے صرف ہوئے۔ والسلام

Marfat.com

غیر مجلد۔ سارے اوراق پر چیپیاں چسپاں ہیں۔
ترقیمہ ۰ حیدرآباد دکن ۹ رمضان المبارک ۱۳۱۵ھ

۹،۳ ہندوستان
(ا) فرخ آباد

جامعہ ملیہ اسلامیہ لائبریری ۳۴۳

۳۰

جنگ نامہ دو جوڑہ
خلیفہ معظم عباسی

۵۶ اوراق۔ ۲ک۔ ۳۱ س م۔ ۱۳ سطور
نستعلیق۔ سیاہ روشنائی۔
کاتب: محمد مشتاق حسین خاں
ذیلی عنوانات فارسی میں درج ہیں۔

یہ منظوم مخطوطہ بنگش سلاطین کے سلسلے میں نواب محمد علی خاں صاحبزادہ نواب فیض اللہ خاں بنگش کے اہم واقعات زندگی سے متعلق ہے۔ اس میں مصنف نے جشنِ تاجپوشی کے ذکر کے علاوہ اس دور کے سیاسی حالات اور تاریخی واقعات پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

کتابت: ۳۰ ذوالحجہ ۱۳۲۴ ہجری مطابق ۱۴ فروری ۱۹۰۷ عیسوی۔

Marfat.com

آغاز : پس از حمد ان قادر ذوالجلال۔ پس از نعت پیغمبرے باکمال۔ پس از مدح
اصحاب والا تبار۔ خصوصا نبی کے تہی چار یار۔ .....

اختتام : .... دعا میرے حق میں کرو زور تر کہ رحمت سی ہو حق کی مجھ پر نظر
میرا خاتمہ خیر سے ہو تمام بفضل محمد علیہ السّلام

ترقیمہ : بقلم حقیر محمد مشتاق حسین عفے منہ نائب متولی مدرسہ عالیہ ۱۴ فروری ۱۹۰۷ء
۳۰ ذوالحجہ ۱۳۲۴ھ پنجشنبہ۔

نیشنل آرکائز آف انڈیا ۸ اگست ۱۹۵۷ء/۷۹

۳۱

خندۂ غدر یعنی تاریخ فرخ آباد
نواب محمد واحد خاں

۳۲۵ صفحات۔ ۳۰ س م۔ ۱۷ سطور
نستعلیق۔ سیاہ روشنائی
کاتب : احمد علی خاں
مثالوں میں فارسی اشعار کا بھی استعمال ہے۔

اس مخطوطے میں ریاست فرخ آباد کے فرمانرواؤں کے ان تاریخی حالات و واقعات کا ذکر ہے جو ان کو انگریزوں کے خلاف مختلف اوقات میں ریاست کو آزاد کرانے کی خاطر درپیش آئے تھے۔

تاریخ تصنیف : ۱۸۶۳ عیسوی
کتابت : ۱۷ رمضان ۱۲۹۰ ہجری
آغاز : فتح ہے جب نام لکھا خالق الارواح کا۔ دین کا جھنڈا لئے آیا الف فتاح کا
حمد و ثنای ناصر حقیقی شکر و سپاس فتاح لاربی۔ .....
اختتام : ..... اب تختہ تباہ ہے بس میرے عیبوں اور لغزشوں سے منہ پھیرائیں

Marfat.com

اپنا زور نہ دکھائیں راہ دین پناہ دیں۔

کل اوراق مومیائے ہوئے ہیں اور تقریباً آدھا مخطوطہ کی سنہرے اور دیگر مختلف رنگوں کے ذریعے زیبائش کی گئی ہے۔

ترقیمہ: تمام شد بتاریخ ہفدہم رمضان المبارک ۱۲۹۰ ہجریہ مقدسہ مع لوح وجدول بسرعت ہر چہ تمامتر از دست ضعیف البیان کثیر العصیاں احقر الاشان خادم الطلبہ احمد علیخاں فرخ آبادی عفر اللہ لہ ولوالدیہ ولمن یقتید بہ بحرمۃ النبی صلعم وآلہ۔

جنرل

(ب)

دلّی یونیورسٹی لائبریری / ۷۵۱۲۰/MS/۸ K-۱۴۸-K-۱-۷۲

۳۲

آرایش محفل

میر شیر علی افسوس

۵۸ صفحات۔ ۲۴۰۵ س م۔ ۱۷ سطور

کاتب کا نام مذکور نہیں۔

یہ مخطوطہ منشی سجان رائے کی فارسی تصنیف خلاصۃ التواریخ کا اُردو ترجمہ ہے۔ یہ اُردو ترجمہ جے۔ ایچ مورنگٹن کے حکم پر میر شیر علی افسوس نے کیا۔ افسوس فورٹ ولیم کالج میں منشی کے عہدہ پر فائز تھے۔ وہیں انھوں نے ڈاکٹر گلکرائسٹ کے کہنے سے گلستانِ سعدی کا بھی اُردو ترجمہ کیا۔

Marfat.com

مذکورہ مخطوطہ ہندوستانی تاریخ پر مشتمل ہے۔

تاریخ تصنیف : ۱۲۱۹ ہجری - ۱۸۰۴ عیسوی۔

آغاز : حمد کرتا ہوں اُس خالق کی جس نے ماہتاب کو .....

اختتام : ..... ہماری وہاں کے جنس میوہ اکثر لاکر لشکر میں بیچ جاتے ہیں خصوصاً اخروٹ ہوتا ہے۔

اختتام کے بہت سے اوراق گم ہیں۔ ایک نامکمل فارسی مخطوطہ بھی اس کے ساتھ منسلک ہے۔ اس پر مندرج عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ کسی وقت میں یہ مخطوطہ نواب لطف اللہ کی ملکیت میں بھی رہ چکا ہے۔

آخری اوراق گم ہونے کی وجہ سے ترقیمہ موجود نہیں ہے۔

انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز

۳۳

انتخاب آرایش محفل

مصنف : میر شیر علی افسوس

مرتب : نامعلوم

(۱۰۶ اوراق) ۲۳ س م - ۱۵ سطور

شکستہ - سیاہ روشنائی

کاتب کا نام درج نہیں۔

یہ مخطوطہ بھی عہد قدیم اور عہد وسطیٰ کے ہندوستان کے مشہور شہروں کی تاریخ سے متعلق ہے جس میں ہندوستان کے جغرافیائی حالات کا بھی ذکر شامل ہے۔ اس کے علاوہ ہندوستانی دریاؤں۔ فصلوں - زراعت اور پرانی عمارات کا بھی تذکرہ ہے۔

آغاز : یہہ انتخاب کیا گیا کتاب آرایش محفل میں سی جو اکثر مشتمل ہی مضمون خلاصۃ التواریخ سے صوبہ دار الخلافہ شاہ جہاں آباد .....

Marfat.com

اختتام : ..... دوست ہمارا جوگرپال کا ملنا موقوف ..... سنتے ہی شاہ نے خوش ہو سب کی داد دی اور وسعت زبان کے معنی کی نہایت تعریف کی۔ فقط

جون پور مچھلی شہر کے محمد عمر جعفری کے نام کی ایک مہر سر ورق پر موجود ہے۔

ناقص حالت اور کرم خوردہ۔

ترقیمہ موجود نہیں۔

نیشنل میوزیم / ۱۶ جنوری ۱۹۵۹ / ۶۹۱

۳۴

انتخاب خلاصۃ التواریخ

مصنف: میر شیر علی افسوس

مرتب : نامعلوم

(۱۲۲ اوراق) ۲۴ س م - ۱۳ سطور

شکستہ - سیاہ روشنائی

کاتب : عالم خاں

تفصیل دیکھئے مخطوطہ ۳۳

آغاز : صوبہ دارالخلافہ شاہ جہاں آباد ہندی فارسی کی تواریخوں سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ شہر ہستناپور گنگا کی کناری پر .....

اختتام : ..... سنہ بارہ سے بائیس ہجری میں اکبر بادشاہ ابن شاہ عالم کی بندگی کی جاتی ہے اور اطاعت سے ہاتھ نہیں اٹھاتی ہیں۔

ترقیمہ : کتاب انتخاب خلاصۃ التواریخ ہندوستان تمت شد ماہ شعبان بتاریخ ہفتم بدستخط حقیر فقیر عالم خاں باشندہ بلدہ بناس نوشتہ ام۔

Marfat.com

نیشنل میوزیم / ۶ جنوری ۱۹۵۸ / ۶۹۲

۳۵

انتخاب خلاصۃ التواریخ

(نامعلوم)

جلداول۔ (۹۷ اوراق) ۲۹ س م - ۱۵ سطور

کاتب : مرزا عالم علی بیگ

تفصیل دیکھئے مخطوطہ ۳۳

آغاز : صوبہ دارلخلافہ شاہجہانا باد و ہندوی فارسیے کی تواریخ سے یوں معلوم ہوتا ہی کہ ہنسا پور کنکا کی کناری پر.....

اختتام : ..... چنانچہ اب بہی سنہ بارہ بائیس ہجری میں اکبر بادشاہ ابن شاہ عالم کی بندکی نبھاتی ہیں اور اطاعت سی ہاتھہ نہیں اٹھاتی۔

مخطوطہ پر ایک مہر محمد وزیر خاں وزیر الدولہ امیر الملک نصرت جنگ بہادر کے نام کی موجود ہے۔

ناقص جلد۔ ذیلی عنوانات سرخ روشنائی سے لکھے ہیں۔

مخطوطہ نواب ٹونک کے اردو ذخیرہ کتب سے خریدا گیا۔

ترقیمہ : تمت تمام شد کارمن نظام شد کتاب تواریخ ہندوستان بر زبان اردو ہندی بدستخط حقیر فقیر مرزا عالم علی بیگ باشندہ بلدہ لکھنؤ بتاریخ بست و پنجم ماہ ذیقعد سنہ ۱۲۵۸ ہجری اتمام یافت۔

نذیریہ پبلک لائبریری (۱۹۴۷۰ c) ۲۲

۳۶

تاریخ ہند

مرزا حیرت دہلوی

Marfat.com

جلد دوم - ۴۵۸ صفحات - ۲۸ س م - ۲۲ سطور
نستعلیق - نیلی روشنائی -
خود نوشتہ -

یہ مخطوطہ سات ابواب پر مشتمل ہے جس میں مصنف نے عہدِ وسطیٰ اور عہدِ جدید کی تاریخ پر تحقیقی انداز سے روشنی ڈالی ہے - اس کے علاوہ انگریزی حکمرانوں اور کانگریس کی جدوجہد آزادی پر بھی بہت کچھ لکھا ہے -

کتابت : ۱۸۸۷ عیسوی

آغاز : تاریخ بھی عجیب چیز ہے کہ ہزاروں برس کے حالات اسطرح اظہار ہو جاتے ہیں جیسے ہمارے سامنے ہو رہے ہوں .....

اختتام : ..... لیکن جسوقت پہر پیرہ اکبری اُڑنے لگا تمام سلطنتیں یکے بعد دیگرے فتح ہوتی چلی گئیں -

ناقص اور خستہ حالت - مخطوطہ مولانا عبدالرؤف کی ملکیت میں بھی رہ چکا ہے - ترقیمہ مرقوم نہیں -

(۹۷۴) ترکی

جامعہ ملّیہ اسلامیہ لائبریری ۳۴۷

۳۷
تاریخ روم
محمد اسمٰعیل شاہ خاں
(۳۵۴ اوراق) - ۳۱ س م - ۱۱ سطور
نستعلیق - سیاہ روشنائی

Marfat.com

کاتب : حافظ محمد نیاز علی خاں

ذیلی سرخیاں فارسی میں۔

اس مخطوطہ میں سلسلۂ عثمانیہ سے لے کر سلطان محمد عبد العزیز خاں کے دورِ حکومت تک ٹرکی کا سیاسی پس منظر۔ وہاں کی عمارات۔ باغات۔ آب و ہوا۔ پیداوار اور دیگر شعبہ ہائے زندگی کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

تاریخ تصنیف : ۱۸۷۳ عیسوی

کتابت : ۲۹ ذیقعد ۱۲۹۰ ہجری مطابق ۱۹ جنوری ۱۸۷۴ عیسوی

آغاز : حمد بیحد اوس خدائی پاک کو سزاوار ہی کہ جسنی انسان کو جوہر نطق عطا کیا اور جناب محمد مصطفیٰ صلی ع وآلہ واصحابہ وسلم کو واسطی .....

اختتام : ..... اور ہماری بادشاہ ملکہ معظمہ وکٹوریا جائنا فرمانروائی انگلستان اور ہندوستان کی صادق دوست ہیں۔

ترقیمہ : الحمد اللہ والمنہ کہ کتاب تاریخ روم جوکہ زبانِ اُردو میں نایاب اور بی نظیر ہے حسب الحکم نواب مستطاب معلیٰ القاب جناب محمد محمود علیخاں صاحب بتاریخ بست ونہم ماہِ ذیقعد ۱۲۹۰ ہجری مطابق نوازدہم ماہ جنوری ۱۸۷۴ عیسوی بقلم حافظ محمد نیاز علیخاں تمام ہوئی۔

۱۰۔ زبانیں

(۱۰۱) اُردو

(ا) لغت

غالب اکیڈمی ۲۲ دسمبر ۱۹۶۸ / ۲۰ / ۵۴۶

۳۸

فرہنگ غالب

امتیاز علی خاں عرشی

Marfat.com

۱۶۶- اوراق - ۲ک - ۲۵ س م - ۱۸ سطور
شکستہ - سیاہ اور نیلی روشنائی
خود نوشتہ -

یہ مخطوطہ فرہنگ ہے ان الفاظ کی جو غالب نے اپنی تحریروں میں جابجا استعمال کیے ہیں۔ یہ الفاظ عربی - فارسی - ترکی - سنسکرت اور ہندی زبانوں کے ہیں۔ مصنف نے ان کے اُردو اور فارسی دونوں معنی کو پیش کیا ہے۔ مخطوطے کے چند اوراق ٹائپ شدہ بھی ہیں۔

کتابت : ۳۰ جون ۱۹۴۶ عیسوی۔

آغاز : یہ مسودہ میری عزیز ترین کتابوں میں سے ایک ہے اسلئے کہ یہ تمام کا تمام یا ابّا محترم نے خود ٹائپ کیا ہے یا اپنے قلم سے لکھا ہے لیکن چونکہ مجھے .....

اختتام : ..... فرہنگ سروری : ۷۹ و ۹۲، فرہنگ قدسی : ۸۶، قادر نامہ، ۳۲- قاطع برہان : ۱۵۹ و ۱۶۱ و ۱۸۰ : قاموس : ۱۶۵ قباد : ۱۰۳ ہوشنگ = ۱۰۱ ہندوستانیان۔

کچھ اوراق سرخ روشنائی سے بھی مرقوم ہیں۔ جگہ جگہ چیپیاں چسپاں ہیں۔ مصنف کے صاحبزادے اکبر علی خاں نے یہ مخطوطہ ۳۰ جنوری ۱۹۶۹ کو غالب صدی کے موقع پر غالب اکیڈمی کو پیش کیا۔
ترقیمہ مرقوم نہیں -

ہارڈنگ پبلک لائبریری ۱۹۳۷ / ۳۵۶

۳۹
(انشاء یوسفی)
میر مقصود
(۱۰- اوراق) ۱۸ س م - ۱۱ سطور

Marfat.com

نستعلیق ۔ سیاہ روشنائی۔
خود نوشتہ۔

یہ مخطوطہ بھی اُردو فرہنگ کا ہے جس میں مصنّف نے فارسی الفاظ کے اُردو معنی پیش کیے ہیں۔

کتابت : ۷ ربیع الاول ۴۳ جلوس اورنگ زیب۔
آغاز : افراز ، امان ، احسان ، اکارم ، احکام ، اقسام ، انتباہ ، اجلال ، ایالت
افق ، آثار ، انوار ، ایام ، اجابت ، افلاک .....
اختتام : ..... ہور ۔ ہوا ۔ ہیوب ۔ ہیبت ۔ ہدف ۔ ہدم ۔ ہیون ۔ ہنجار ۔ ہمکی ۔
ہستی ۔ ہزک ۔ یم ۔ یورش ۔ یوم ۔ یعنی ۔
کرم خوردہ ۔ ناقص حالت ۔
مذکورہ مخطوطہ ہارڈنگ لائبریری کو منشی رگھوناتھ سنگھ ہاجر دہلوی کا عطیہ ہے ۔
ترقیمہ : فرہنگ انشا یوسفے بفرمودہ میر مقصود بتاریخ ہفتم شہر ربیع الاول سنہ ۴۳ جلوس اورنگ زیب اتمام یافت ۔

دہلی یونی ورسٹی لائبریری ۱۹۴۵۵۹

۴۰
رسالہ تحقیق تنقیح
نصیر احمد خاں
(۶۴ اوراق) ۳۰ س م ۔ ۱۸ سطور
شکستہ ۔ سیاہ روشنائی
خود نوشتہ۔

یہ مخطوطہ فارسی ۔ عربی ۔ ٹرکی کے دو سو دس مشکل الفاظ کی اُردو شرح ہے ۔ مصنف نے لسانی نقطۂ نظر سے ان الفاظ کا مطالعہ کیا ہے اور ہند ۔ یورپی زبانوں کی تاریخ

Marfat.com

سامنے رکھ کر ان کی اصل کا پتہ لگانے کی سعی کی ہے۔

مصنف نصیر احمد خاں رام پور کا باشندہ تھا اور شاعری کا بھی ذوق رکھتا تھا وہی اس رسالے کا مرتب ہے۔

تاریخ تصنیف: ۱۲۹۵ ہجری

آغاز: حمد و شکر اوس عالم الغیوب کیلئے جسکے کتاب مبین حکمت سے علم آدم، لاسما، کلہا ایک لفظ ہی اور اوسکے دفترِ علم سے .....

اختتام: ..... اب ای صبا رقم کر
تنقیح جلال کے ہے تردید

کچھ اوراق پر چیپیاں چسپاں ہیں۔ نیلے کاغذ کا استعمال کیا ہے اور حواشی پر سرخ روشنائی سے اصل الفاظ مرقوم ہیں۔

ترقیمہ مرقوم نہیں۔

(ب) فنِ خطوط نویسی

جامعہ ملیہ اسلامیہ ۱۰

۴۱

آئینۂ نسواں
محمد متین خاں

۵۰ صفحات۔ ۲۷ س م ۔ ۳۸ سطور
نستعلیق۔ سیاہ روشنائی

کاتب کا نام مرقوم نہیں۔

یہ مخطوطہ رسالہ فنِ خطوط نویسی پر مشتمل ہے اور اس ضمن میں مصنف نے اپنے ان خطوط سے جو اس نے اپنے دوستوں اور عزیزوں کو تحریر کیے ہیں۔ متعدد اور

Marfat.com

مختلف اقتباسات بطور مثال کے پیش کیے ہیں۔

آغاز : حمد اوس خداوند دوجہاں آفریدگار عالم وعالمیان کو جسنیں کاف ونون کا طرف مضمون فرما کر ہر شے ہزار .....

اختتام : ..... عبرت آثار فرزند علیخاں تہانہ دار خوش ہو۔ عرضی تہماری مورخہ ۲۰ اپریل ۱۸۷۷ء کی سفارش ترقی مسمیٰ سانونت سنگھ چوکیدار قصبہ فرید پور کی بعوض خیرخواہی گرفتار کرنی مجرم اشتہاری کی ملاحظہ میں گزری۔

ترقیمہ آخری صفحہ موجود نہ ہونے کی صورت میں موجود نہیں ہے۔

(۱۱) قانونی دستاویزات

نیشنل آرکائز آف انڈیا۔ ۱۷ فروری ۱۹۵۸ء/۱۰۱۲

۴۲

دیباچہ ایکٹ مالگذاری

مترجم : محمد عبدالسّلام

۴۳ صفحات۔ ۲۰ س م۔ ۱۵ سطور

شکستہ۔ سیاہ روشنائی

عمدہ نوشتہ

اس مخطوطے میں پنجاب اور کچھ یورپین ممالک کے قانونِ مالگذاری اور قانونِ اراضی سے متعلق تقابلی مطالعہ کیا گیا ہے جس میں مصنف نے دوسرے یورپی ممالک کے متعلقہ قوانین کی روشنی میں پنجاب کے قوانین کا جائزہ لیا ہے اور دونوں کے افادی اور غیر افادی پہلوؤں کی بھی نشاندہی کی ہے۔

